زبان ماں اور باپ کی طرف سے ایک تحفہ ہے

تمام بچوں کو ایک زبان سیکھنی چاہیئے۔ اور بعض بچوں کو، جب وہ چھوٹے ہوں، ایک سے زیادہ زبانیں سیکھنی چاہیئں۔ اگر آپ کا بچہ بہت سے الفاظ جانتا ہو تو وہ سکول میں اچھی کارکردگی دکھائے گا۔ کئی جائزوں سے ظاہر ہوا ہے کہ بچوں کو سکول شروع کرنے سے پہلے 10.000 الفاظ جاننے چاہیئں۔ اس لئے یہ بات اہم ہے کہ آغاز جلد ہونا چاہیئے۔

آپ زبان استعمال کرنے سے ہی سیکھتے ہیں۔ چنانچہ آپ کو اپنے بچوں سے زیادہ سے زیادہ باتیں کرنی چاہیئں۔ جب آپ ایک زبان کے الفاظ جانتے ہیں تو دوسری زبان کے الفاظ سیکھنا نستاً آسان ہو جاتا ہے۔ اس فلم میں نرسری معاونین، قبل از سکول اساتذہ اوروالدین مثالوں سے ظاہر کرتے ہیں کہ آپ اپنے بچے کی کیسے مدد کر سکتےہیں۔ اگر آپ اپنے بچے کی لسانی مہارت کے بارے میں سوال کرنا چاہتے ہوں تو عملے سے بات کریں۔ بچے کو زبان سکھانا والدین، معاونین اور اساتذہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ والدین کی حیثیت سے آپ بہت بڑی تبدیلی لا سکتے ہیں۔

آپ یہ فلم ڈینیش، البانوی، عربی، انگریزی، صومالی، ترکی اور اردو زبانوں میں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ فلم ڈنمارک کی وزارتِ تعلیم کے تعاون سے تیار کی گئی ہے۔

یہ فلم مفت دیکھیئے۔ www.ltk.dk/sprog-er-en-gave